13/04/2026

09.25 Am

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں مشاہد حسین

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریند رمودی نئی دلی کے وگیان بھون میں آج صبح11بجے قومی سطح کے ” ناری شکتی وندن سمیلن“ میں شرکت کرکے اجتماع سے خطاب کریں گے۔

پروگرام میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات اور کامیاب خواتین شرکت کریں گی۔

ایل جی

جموں کشمیر میں 11اپریل سے شروع کئے گئے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت یو ٹی کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے ضروری اقدام کئے جا رہے ہیں۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ انتظامیہ نوجوانوں کو اس لت سے بچانے کیلئے کمر بستہ ہے ۔ انہوں نے منشیات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف کڑی کارروائی کا بھی پیغام دیا ہے ۔

...........(LG)....Byte...........

واضح رہے کہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان تین ماہ سے زائد کے عرصے تک چلایا جائے گا۔

امین شاہ

BJP کے سٹیٹ ایگزیکٹو ممبر محمد امین شاہ نے ضلع گاندبل سے تعلق رکھنے والے پردیش لیفٹننٹ گورنر کی طرف سے اعلان کردہ ڈرگ سمگلروں کے خلاف کڑی کارروائی کرنے کا خیر مقدم کیا ہے۔

ایک بیا ن میں انہوننے جموں کشمیر کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے زیرو ٹالرنس کے موقف کی تائید کی ہے ۔

فوج

بھارتی فوج کی طرف سے شمالی کشمیر میں کرناہ کے ٹیٹوال علاقے میں حب الوطنی کے جذبے سے سر شار ”شامِ وطن“ کے نام سے موسیقی کا ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔

موسیقی کے اس پروگرام مینبچوں سے لیکر بزرگوں تک قریب 6سو لوگوں نے شرکت کی اور میجر جنرل راکیش نئیر بھی موجود تھے۔GOC اس موقعے پر فوج کی 28ویں انفنٹری ڈویژن کے

پروگرام کے بعد بھارت کو منشیات سے پاک کرنے کا عہد کیا گیا۔

جشن موسیقی

——————— وسطی کشمیر کے گاندربل ضلعے میں واقع سیاحتی مقام مانسبل کے میں وُلر مانسبل ڈیولپمنٹ اتھارٹی، جمونکشمیر اکیڈمی آف آر ٹ کلچر "Open Air Theater"© اینڈ لنگویجز اور نارتھ زون کلچرل سینٹر پٹیالہ پنجاب کے مشترکہ اہتمام سے جشن موسیقی کا ایک پروگرام منعقد ہوا ۔

اس موقعے پر وادی کے نامور گلو کار قیصر نظامی اور دیگرکئی فنکاروں نے صوفی موسیقی کے گیت گاکر حاضرین کو محظوظ کیا ۔

ریل

اور اب ریل خدمات سے متعلق خبر

-----MUSIC-----

شمالی ریلوے کی طرف سے15 اپریل تک سرینگر۔ کٹرہ ریلوے سیکٹر پر چلائی جا رہی خصوصی ریل سروس ان پانچ دنوں کے دوران صبح دس بج کر پانچ منٹ پر شری ماتا ویشنو دیوی کٹرہ سٹیشن سے نکل کر دو پہر ایک بج کر 35 منٹ پر سرینگر پہنچے گی ۔

خصوصی ریل گاڑی سرینگر سے سہ پہر تین بج کر دس منٹ پر چلے گی اور شام سات بجے کٹرہ پہنچے گی ۔

متعارف کیا ہے۔ Rail One App اسی دوران بھارتی ریلوے نے مسافروں کی سہولت کیلئے

-----PROMO-----

خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عظیم فوجی کمانڈر جنرل زوراور سنگھ کو ان کی جنم جینتی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔

ایک پیغام میں لیفٹننٹ گورنر نے کہا ہے کہ جنرل زور اور سنگھ ایک نڈر سپاہی تھے جنہوں نے اپنی بے مثال شجاعت اور فوجی حکمت عملی میں کمال مہارت کی بناءپر ایک تاریخ رقم کی ۔

انہوں نے کہا کہ آنجہانی کی بے لوث خدمات مادرِ وطن کی آنے والی پیڑیوں کوتحریک دیتی رہیں گی ۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت15 اعشاریہ7ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ